Education
Public Schools

Safe Bus Travel

سڑک پر حفاظت کے بارے میں معلومات

آپ کے بچوں کے اسکول آنے جانے کے دوران ان کی حفاظت آپ کی ذمہ داری ہے۔

بس میں باحفاظت سفر

بس سے اترنے کے فوری بعد بچے کو نقصان پہنچنے کا سب سے زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔

خطرہ کم کرنے کے لئے:

- اپنے بچوں سے بس اسٹاپ پر ملیں – سڑک کے دوسرے کنارے پر کبھی نہ ملیں
- بس اسٹاپ پر اپنے بچے کے ہاتھ پکڑیں
- بس اسٹاپ پر انتظار کرنے کے دوران سڑک کے کنارے سے کچھ قدم پیچھے ہٹ کر کھڑے ہوں
- بس کے چلے جانے کا انتظار کریں، اس کے بعد سڑک پار کرنے کے لئے کسی محفوظ مقام کا انتخاب کریں۔

سڑک پار کرنے کے لئے محفوظ مقام تلاش کرنے میں اپنے بچوں کی مدد کریں جیسے:

- زیبرا کراسنگ یا ٹریفک سگنل، اگر موجود ہوں
- سڑک کا ایک ایسا واضح حصہ جہاں سے وہ تمام ٹریفک کو نظر آرہے ہوں۔

اگر آپ اپنے بچوں کولینے نہیں آسکتے تو ایک قابل بھروسہ بالغ شخص کا انتظام کریں کہ وہ انہیں آکر بس اسٹاپ پر ملے۔

مزید معاونت کے لئے

ڈیپارٹمنٹ کے روڈ سیفٹی ایجوکیشن پروگرام پر جائیں جو یہاں دستیاب ہے https://education.nsw.gov.au/road-safety-education یا دیکھیں https://education.nsw.gov.au اور سڑک پر محفوظ رہنے کی معلومات تلاش کریں۔